تعلقات عامہ دفتر

جامعہ ملیہ اسلامیہ، نئی دہلی

January 30, 2023

پریس ریلیز

آزاد، سیکولر اور جمہوری ہندوستان کی تعمیر میں جامعہ ملیہ اسلامیہ کا کردار نہایت اہم: پروفیسر نجمہ اختر

جامعہ ملیہ اسلامیہ کے زیرِ اہتمام یوم جمہوریہ کے موقع پر شان دار آل انڈیا مشاعرہ اور کوی سمّیلن کا انعقاد

نئی دہلی: آزاد، سیکولر اور جمہوری ہندوستان کی تعمیر میں جامعہ ملیہ اسلامیہ کا کردار نہایت قابلِ فخر رہا ہے۔NAAC جیسے باوقار ادارے کی جانب سے جامعہ ملیہ اسلامیہ کو A++ کا گریڈ دیا جانا پوری جامعہ برادری کے لیے نہایت اعزاز کی بات ہے۔ آج بیوروکریسی، عدلیہ، میڈیا اور تمام اہم شعبوں میں فرزندانِ جامعہ بے مثال کارنامے انجام دے رہے ہیں۔ ان خیالات کا اظہار وائس چانسلر جامعہ ملیہ اسلامیہ پدم شری پروفیسر نجمہ اختر نے یوم جمہوریہ کے موقع پر جامعہ ملیہ اسلامیہ کے زیر اہتمام شاندار اور وسیع انجینئرنگ ہال میں منعقدہ آل انڈیا مشاعرہ اور کوی سمّیلن میں کیا۔ مہمانِ خصوصی جوائنٹ سکریٹری وزارت برائے بھاری صنعت ڈاکٹر حنیف قریشی (آئی پی ایس) نے کہا کہ بحیثیت جامعی میں اپنے مادرِ علمی جامعہ ملیہ اسلامیہ کے لیے نہایت جذباتی ہوں اور یہ ایک حقیقت ہے کہ میں آج جو کچھ ہوں، وہ جامعہ ہی کی دین ہے۔ میں آج بھی جب جامعہ کے کیمپس میں داخل ہوتا ہوں کہ تو محسوس ہوتا ہے کہ اپنے گھر میں آ گیا ہوں۔ مہمانِ اعزازی ڈپٹی سکریٹری وزارت برائے ثقافت ڈاکٹر شاہ فیصل (آئی اے ایس) نے نیک خواہشات کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ جامعہ آج قومی اور بین الاقوامی سطح پر ایک قابلِ رشک ادارہ بن گیا ہے۔ مہمانِ اعزازی سابق صدر شعبۂ ہندی، جامعہ ملیہ اسلامیہ پروفیسر اشوک چکر دھر نے جامعہ کی دل کش تہذیبی و ثقافتی فضا کی تحسین کرتے ہوئے کہا کہ میں جامعہ کو گنگا جمنی تہذیب کی آتما سمجھتا ہوں۔ آل انڈیا مشاعرے اور کوی سمّیلن کا افتتاح پروفیسر نجمہ اختر کی شمع افروزی کے ذریعے ہوا۔ استقبالیہ کلمات پیش کرتے ہوئے پروفیسر شہپر رسول نے کہا کہ جامعہ ملیہ اسلامیہ میں مشاعروں کی روایت بے حد مستحکم اور معیاری رہی ہے اور اس زریں سلسلے کو محترمہ وائس چانسلر صاحبہ نے نہ صرف تقویت بخشی ہے بلکہ وہ ہمارے اس تہذیبی ورثے سے خصوصی شغف بھی رکھتی ہیں۔ چناں چہ انھی کی سرپرستی میں آج کا یہ باوقار مشاعرہ اور کوی سمّیلن بھی انعقاد پذیر ہو رہا ہے۔ اس مشاعرے اور کوی سمّیلن کے انعقاد میں پروفیسر شہپر رسول اور ڈاکٹر احمد نصیب خان نے اہم کردار ادا کیا۔ مشاعرے کا اختتام جامعہ ملیہ اسلامیہ کے رجسٹرار پروفیسر ناظم حسین کے اظہار تشکر پر ہوا۔ نظامت کے فرائض معین شاداب نے انجام دیے۔ جن شعرا اور کویوں نے اپنے کلام سے سامعین کو محظوظ کیا ان میں پروفیسر اشوک چکر دھر، پروفیسر خالد محمود، پروفیسر شہپر رسول، پروفیسر چندر دیو یادو، پروفیسر احمد محفوظ، پروفیسر درگا پرساد، دنیش رگھونشی، معین شاداب، ماجد دیوبندی، شاہد انجم، ڈاکٹر احمد نصیب خان، سلمیٰ شاہین، علینا عترت، ڈاکٹر خالد مبشر اور خان رضوان کے نام شامل ہیں۔ نمونہ کلام ملاحظہ ہو:

نظام جسم جمہوری ہے خالد
کسی جذبے کی سلطانی نہیں ہے

خالد محمود

تمھارا شہر ہے تم جو کہو بجا ہے وہ
ہمارا صرف خدا ہے مگر خدا ہے وہ

شہپر رسول

یوں تو بہت ہے مشکل بندِ قبا کا کھلنا
جو کھل گیا تو پھر یہ عقدہ کھلا رہے گا

احمد محفوظ

اللہ مرے رزق کی برکت نہ چلی جائے
دو روز سے گھر میں کوئی مہمان نہیں ہے

ماجد دیوبندی

ان سے ملنے کی خوشی بعد میں دکھ دیتی ہے
جشن کے بعد کا سناٹا بہت کھلتا ہے

معین شاداب

سلگتی دھوپ ستاروں کی چھاؤں جیسی ہے
وطن کی دھول بھی ماں کی دعاؤں جیسی ہے

شاہد انجم

نہ مشورہ دو ہمیں تم کسی سہارے کا
جو پستہ قد ہیں وہی سیڑھیاں تلاش کریں

احمد نصیب خان

آئینہ دیکھا انھوں نے، انھیں آئینے نے
دونوں کو آج مزا مل گیا حیرانی کا

سلمیٰ شاہین

اپنی مٹی پہ اگر ناز نہیں کر سکتے
زندگی ہم ترا آغاز نہیں کر سکتے

علینا عترت

مفت شہرت مل گئی فرہاد کو
اصل میں جو کوہ کن ہے عشق ہے

خالد مبشر

طلسم خانۂ حیرت ہے ایک پتلی میں
دکھاتی ہیں مجھے کیا کیا یہ مختصر آنکھیں

خان رضوان

تعلقات عامہ

جامعہ ملیہ اسلامیہ نئی دہلی

JAMIA MILLIA ISLAMIA, NEW DELHI
ALL INDIA MUSHAIRA & KAVI SAMMELAN
On The Eve of Republic Day
26th January 2023
VENUE
J M I

Working on updates 57%
Don't turn off your PC. This will take a while.
FACULTY OF ENGG. & TECH.
J M I

VENUE
FACULTY OF ENGG. & TECH.
J M I

26th January 2023
VENUE
FACULTY OF ENGG. & TECH.
J M I

JAMIA MILLIA ISLAMIA, NEW DELHI
ALL INDIA MUSHAIRA & KAVI SAMMELAN
On The Eve of Republic Day
26th January 2023
VENUE
FACULTY OF ENGG. & TECH.
J M I

JAMIA MILLIA ISLAMIA, NEW DELHI
ALL INDIA MUSHAIRA & KAVI SAMMELAN
On The Eve of Republic Day
آل انڈیا مشاعرہ اور کوی سمّیلن
26th January 2023
VENUE
FACULTY OF ENGG. & TECH.
JMI

JAMIA MILLIA ISLAMIA, NEW DELHI
ALL INDIA MUSHAIRA & KAVI SAMMELAN
On The Eve of Republic Day
26th January 2023
VENUE
FACULTY OF ENGG. & TECH.
JMI

JAMIA MILLIA ISLAMIA, NEW DELHI
ALL INDIA MUSHAIRA & KAVI SAMMELAN
On The Eve of Republic Day
26th January 2023
VENUE
FACULTY OF ENGG. & TECH.
J M I

26th January 2023
VENUE
FACULTY OF ENGG. & TECH.
J M I

FACULTY OF ENGG.
J M I